13/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے

۔ اب آپ شیخ تجمل احمدسے خبریں سُنیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*.......13اپریل1948کو راجوری کو آزاد کرانے کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے بھارتی فوجیوں اور شہریوں کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا خراج عقیدت ۔

*.......مرکزی سرکار کاملک بھر میں شاہراؤں کی درجہ بندی کیلئے اگلے دو سال میں دس لاکھ کروڑ روپے کا سرمایہ لگانے کا منصوبہ //نتن گڈکری۔

*.......جموں کشمیر سمیت ملک کے مختلف حصوں میں آج منایاجا رہا ہے بیساکھی کا تہوار مذہبی دھوم دھام کے ساتھ ۔

اور

*.......چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سماجی تحفظ کی اسکیموں کی پیشرفت کا اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں لیا جائزہ ۔

بانڈی پورہ نظام الدین بٹ نے اُنگام بانڈی پورہ میں پیش آئے سڑک حادثے میں ملنگام بانڈی MLA پورہ کے محمد یاسین نامی شخص کی ہلاکت پر دکھ کا اظہار کیاہے۔اس حادثے میں ایک اور شخص زخمی ہوا ہے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج ان بھارتی فوجیوں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے1948میں آج ہی کے دن راجوری کوآزاد کرانے کیلئے اپنی جانیں نچھاور کی تھیں۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ہمارے سپاہیونکی عظیم ہمت اور بہادری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

انہوں نے کہاکہ سپاہیوں کی ڈیوٹی کے تئیں کڑی لگن نے ماضی میں ہمیں ہمیشہ تحفظ فراہم کیا ہے اور ملک کی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کیلئے ان کا عزم آئندہ بھی ہمیں حفاظت فراہم کرتا رہے گا۔ لیفٹنٹ گورنر نے مزید کہاکہ ملک حقیقی بہادروں کو ان کی دی گئی انمول قربانیوں کیلئے مرہون منت رہے گا۔

نتن گڈکری

مرکزی سرکار ملک بھر میںشاہراؤںکی درجہ بندی کیلئے اگلے دو سال میں د س لاکھ کروڑ روپے کا سرمایہ لگانے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ ایک خبر رساں ایجنسی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراؤں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا کہ مرکز اگلے دو برسوں میں ملک کے بنیادی ڈھانچے کوتبدیل کرنے کیلئے کام کر رہا ہے تاکہ یہ دنیا کے بہترین بنیادی ڈھانچوں سے مقابلہ کر سکے۔

مرکزی وزیر نے زور دیکر کہاکہ سرکار ملک بھر میں خاص کر شمال مشرق اور سرحدی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے میں اضافہ کرنے کیلئے پروجیکٹوں کو در دست لینے کا منصوبہ رکھتی ہے۔انہوں نے کہاکہ مشرقی ریاستونمیں 784ہائی وے پروجیکٹوں کو تین لاکھ70ہزا ر کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے عملایا جائے گاجن میں21ہزار3سو کلو میٹروں کو دائرے میں لایا جائے گا۔

بیساکھی

ملک کے مختلف حصوں میں آج بیساکھی کا تہوار انتہائی جوش و خروش سے منایاجا رہا ہے۔بیساکھی مذہبی ، ثقافتی اور تواریخی لحاظ سے خاصی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ آج کے ہی دن خالصہ پنتھ کی بنیاد پڑی تھی ۔یہ فصل کی کٹائی کے تہوار کے طور پر بھی اہم مانا جاتاہے جبکہ تواریخی طور پربھی بیساکھی کی کافی اہمیت ہے کیونکہ امرتسر میں اسی دن جلیاں والا باغ قتل عام ہوا تھا ۔ سال1699میں آج ہی کے دن سکھوں کے دسویں گرو شری گرو گوبند سنگھ جی نے آنند پور صاحب میں واقع گردوارہ تخت سری کیسگڑھ صاحب میں خالصہ پنتھ کی بنیاد ڈالی تھی ۔ امرتسر میں سری ہر میندر صاحب کے علاوہ ملک کے دیگر گردواروں میں آج صبح سے ہی سکھ سنگتوں کی بڑی تعداد حاضری دیتے ہوئے اور گُربانی کا پاٹ پڑھتے ہوئے دیکھے گئے۔

روایتی طور پر کسان اپنے کھیتونمیں فصل کی کٹائی کرکے بیساکھی منا رہے ہیں۔آج ہی کے دن ملک ان سینکڑوں معصوم لوگوں کو بھی یاد کررہاہے جنہیں برطانیہ کے افسر ریگنالڈ ڈائر نے 1919میں جیلیاں والا باغ میں قتل کر دیا تھا ۔

بیساکھی جموں کشمیر

ملک کے مختلف حصوں کی طرح ہی جموں کشمیر میں بھی بیساکھی کاتہوار مذہبی جوش وجذبے سے منایاجا رہا ہے۔ وادی میں بیساکھی کی سب سے بڑی تقریب سرینگرکے چھٹی پادشاہی گردوارہ میں منعقد ہوئی جہاں سکھ سنگتوں کی کثیر تعداد نے شبد کیرتن میں حصہ لیا۔

...........Byte...........

اس موقعے پرخصوصی لنگروں کا بھی انتظام کیا گیا تھا ۔

اننت ناگ، کولگام ، بڈگام اور بارہمولہ اضلاع کے مختلف گردواروں میں بھی بیساکھی کی تقریبات مذہبی دھوم دھام سے منائی گئیں۔ان تقریبات میںسکھ سنگتوں نے شبد کیرتن میں حصہ لیا۔

وادی کے دیگر گردوارہ کے ساتھ ساتھ جموں صوبے میں بھی بیساکھی کا تہوار روایتی دھوم دھام سے منائے جانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔

کلچرل پروگرام

دریں اثناجموں کشمیر کلچرل اکیڈمی نے محکمہ باغبانی کے اشتراک سے آج بادام واری پارک میں بیساکھی کے موقعے پر ایک تمدنی پروگرام کا انعقاد کیا ۔ تقریب پر کلچرل اکیڈمی کے ایڈیشنل سیکریٹری عدیل سلیم موجود تھے جبکہ کئی سرکردہ فنکاروں جن میں استاد عبدالرشید حافظ، اُستاد محمد یعقوب شیخ ، گلزار احمد گنائی ، وحید جیلانی ،اعجاز راہ اور اسد انجم نے اپنی اپنی منفرد گائیکی سے سامعین کو محضوظ کیا۔

...........Byte........

مبارکباد

جمہوریہ دروپدی مرمو،نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی سمیت کئی دیگر سرکردہ مرکزی لیڈروں نے بیساکھی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکبا د دی ہے۔

جموں وکشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہااوروزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی لوگوں کو بیساکھی کی مبارکباد دی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے تمنا ظاہر کی ہے کہ یہ دن امن، خوشی اور ترقی اور لیکر آئے۔

آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گربیندر سنگھ اور شعبہ خبر نے بیساکھی کے موقعے پر سکھ برادری کو مبارکباد دی ہے۔

زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھی لوگوں کو بیساکھی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

........(Pakage)....Bytes...........

سکینہ ایتو

اسپتال سرینگرکا دورہ SMHS صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتونے آج سکمز صورہ اور کیا اور وہاندلدوز ہندواڑہ سڑک حادثے میں زخمی طالب علموں کی حالت کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے دونوں اسپتالوں کی انتظامیہ اور ڈاکٹروں سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں زخمی طالب علمونکوبہتر سے بہتر علاج و معالجہ فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

حادثہ

بانڈی پورہ نظام الدین بٹ نے اُنگام بانڈی پورہ میں پیش آئے سڑک حادثے میں ملنگام بانڈی MLA پورہ کے محمد یاسین نامی شخص کی ہلاکت پر دکھ کا اظہار کیاہے۔اس حادثے میں ایک اور شخص زخمی ہوا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج محکمہ سماجی بہود کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے محکمے کی طرف سے چلائی جا رہی اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے بچوں کی ترقی ، غذائیت اور معاشرے کے کمزور طبقوں کی فلاح و بہبود میں بہتری لانے کے مقصد والے اقدامات اور حصولیابیوں کا نوٹس لیا۔

چیف سیکریٹری نے محکمے کے حکام پر زور دیاکہ وہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے عین مطابق آنگن واڑی مراکز میں درج بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کیلئے عملے کی صلاحیت سازی میں اضافہ کریں ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

حج

اس سال جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے زائد از 5سو عازمین کرام حج گروپ آر گنائزرس کے ذریعے سے حج بیت اللہ پر جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس دوران جموں کشمیر حج کمیٹی کے شیڈول کے مطابق عازمین کرام کیلئے مناسک حج سے متعلق تیسرت مرحلے کی تربیت اور ٹیکہ کاری کا عمل جاری ہے۔

اس نسبت سے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے مزید تفصیلات دیں ۔

...........Byte........

بائر سیلر میٹ

محکمہ زراعت 15اپریل کو دسو پانپور کے انڈیاانٹر نیشنل کشمیرسیفران ٹریڈنگ سینٹر میں ایک میگابائرسیلر میٹ کا انعقاد کر رہا ہے۔ اس میٹ میں جموں کشمیر سمیت مختلف ریاستوں کے خریداروں کے علاوہ محکمہ زراعت کے حکام شرکت کریں گے۔

ایگریکلچر محکمے کے جوائنٹ ڈائریکٹر سرتاج احمد نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس بائر سیلر میٹ کا مقصد جموں کشمیر میں زرعی سیکٹر کو بڑھاوا دیناہے۔

(Sartaj Ahmad)....Byte........

درخشاں اندرابی

نہرو یوا کیندر سنگھٹن نے ڈاکٹر بی آر امبیڈ کر کے یوم پیدائش کی یاد میں آج ہوکر سر ویٹ لینڈ زینہ کوٹ سے نارہ بل کراسنگ تک جئے بھیم پد یاترا کا اہتمام کیا۔

اس یاترا کی قیادت جموں کشمیر وقف بور ڈکی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کی اور اس کا مقصد ڈاکٹر امبیڈ کر کی تعلیمات کو پھیلانا تھا ۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں جمونکشمیر BJP- یونکیا کے صدر ست شرما نے اپنے خیالات کا اظہار

---(Sat Sharma)-V/O----

گھپلہ

اینٹی کورپشن بیورو نے سال2009 میں اراضی گھپلے کے معاملے میں22افراد کے خلاف سرینگرکے اینٹی کورپشن کورٹ میں فردِ جرم دائر کی ہے۔ ان میں لیکس اینڈ واٹر ویز ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے اُس وقت کے دو کلکٹراور چار دیگر پبلک سرونٹوں کے علاوہ16 مستفیدین شامل ہیں۔

بتایا جاتا ہے کہ ان سرکاری اہلکاروں نے بڈگام کے رکھ ارتھ میں اراضی کے ریکارڈ میں قلم زنی کی تھی اور معاوضے کے طور سرکاری خزانے سے غیر قانونی طریقے سے ایک بھاری رقم نکالی تھی۔

سموردھن پرو

کشمیر یونیورسٹی میں باگیہ داری سے باگیہ یودھا عنوان کے تحت منعقد کیا گیا لوک سموردھن پرو آج اختتام پذیر ہوا ۔ ثقافتی میراث پر مبنی یہ پرو چھ اپریل کو شروع ہوا تھا اور اس کاافتتاح اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے اقلیتی امور کے وزیر مملکت جارج کورین اور وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ کی موجودگی میں کیا تھا ۔اس پرو کے ذریعے ملک کی ثقافتی گونا گونیت ، دستکاری اور پکوانوںسے روبرو کرانے کے علاوہ جموں کشمیر کو یہ موقعہ فراہم کرنا تھا کہ وہ اپنے میراث کی عکاسی کر سکیں۔اس8روزہ پرو کے بارے میں کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

اطلاع

اب ایک اطلاع:۔

آکاشوانی سرینگر سے آج شام ساڑھے 8بجے مشہور ماہر تعلیم پروفیسر رتن لعل ہانگلو کے ساتھ انٹرو یو نشر ہوگا۔ رتن لعل ہانگلوحیدر آباد سینٹرل یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہ چکے ہیں۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی سرینگر کے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

انتقال

وزارت اطلاعات و نشریات کے سینٹرل بیورو آف کیمونکیشن کے ڈائریکٹر چودھری غلام عباس کی والدہ کے انتقال پر سماج کے مختلف طبقہ ہائی فکر سے وابستہ لوگوں نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے شعبہ خبر کے سربراہ اور عملے نے بھی چودھری غلام عباس کے ساتھ اظہار تعزیت کر تے ہوئے مرحومہ کی جنت نشینی کےلئے دعا کی ہے۔

جے اینڈ کے یتیم فاؤنڈیشن نے بھی چودھری غلام عباس کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔فاؤنڈیشن کے چیر مین محمد احسن راتھرکی صدارت میں ہوئے تعزیتی اجلاس میں سوگوار خاندان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی امبیڈ کر جینتی کے موقعے پرکل ہریانہ کا دورہ کریں گے۔ وہ صبح حسا ر کا دورہ کریں گے اور حسا ر سے ایودھیا تک ایک کمرشل فلائٹ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے علاوہ حسا ر ائر پورٹ کی نئی ٹرمنل بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

بعد ازاں وزیراعظم یمنا نگرمیں ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ اس موقعے پر اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔

عرس

ویسودامجن میں سیدسلطانؒ کا عرس مبارک کل یعنی 14اپریل کو زیارت شریف سید سلطان میں عقیدت و احترام کیساتھ منایاجارہا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 26.8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8.4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19.1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر2منٹ پراور غروب آفتاب شام7بجکر2منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

........